نیوز ریلیز

البرٹا کے زیرِ نگہداشت باشندوں کے لئے مضبوط ترتحفظات

4 نومبر 2026

مجوزہ قانون سازی، اگر منظور ہو گئی، تو نگہداشت حاصل کرنے والے البرٹا کے باشندوں کے لئے تحفظات کو مضبوط بنائے گی، احتساب کو بہتر کرے گی اور ہمدردانہ مداخلت کی معاونت کرے گی۔

بِل 39، یعنی *ہیلتھ اسٹیٹیوٹس ترمیمی ایکٹ، 2026 (نمبر 2)*{*Health Statutes Amendment Act, 2026 (No. 2)*} ، عوامی فنڈ سے چلنے والے نگہداشت کے مراکز میں تحفظ اور احتساب کو مضبوط بنا کر نگہداشت حاصل کرنے والے البرٹا کے باشندوں کی حفاظت، عزت و وقار اور فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے گا۔ مجوزہ ترامیم عوامی انشورنس کے تحت لیبارٹری خدمات تک رسائی کا تحفظ بھی دیں گی، صحت سے متعلق قانون سازی کو جدید بنائیں گی اور البرٹا کے پورے نظامِ صحت میں استحکام اور شفافیت کو فروغ دیں گی۔

"جب البرٹا کے شہری انتہائی کمزور حالت میں ہوں، تو انہیں محفوظ اور باوقار نگہداشت پر بھروسہ کرنے کے قابل ہونا چاہئے۔ یہ مجوزہ تبدیلیاں تحفظات کو مضبوط بنائیں گی، احتساب کو مستحکم کریں گی اور خاندانوں کو اس بات کا زیادہ یقین دلائیں گی کہ ان کے پیارے محفوظ ہیں"
جسٹن رائٹ (Justin Wright)، وزیر برائے بنیادی و احتیاطی صحت کی خدمات

البرٹا کے زیرِ نگہداشت باشندوں کے لئے تحفظات کو مضبوط بنانا

نگہداشت میں موجود افراد کے تحفظ کے ایکٹ (*Protection for Persons in Care Act*) میں مجوزہ ترامیم اس بات کی وضاحت کریں گی کہ عوامی سرمائے سے چلنے والے نگہداشت اور معاونت فراہم کرنے والے کون سے ادارے اس ایکٹ کے دائرے میں آتے ہیں، اور بدسلوکی، اپیلوں، تعمیل اور نفاذ کی رپورٹوں کی تحقیقات کے عمل کو بہتر بنائیں گی۔ یہ تبدیلیاں اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دیں گی کہ بدسلوکی سے متعلقہ خدشات کی مناسب طور پر تحقیقات کی جائیں اور ان کا ازالہ کیا جائے، جس سے البرٹا کے باشندوں اور ان کے خاندانوں کو زیادہ اطمینان حاصل ہو گا کہ نگہداشت حاصل کرنے والوں کے ساتھ عزت و احترام سے برتاؤ کیا جاتا ہے۔ موجودہ تحفظات اور اپیل کے حقوق برقرار رہیں گے۔

البرٹا کے کمزور باشندوں کی نگہداشت کو بہتر بنانا

ہمدردانہ مداخلت البرٹا میں تیار کردہ ایک طریقۂ کار ہے جس کا مقصد نشے کی شدید ترین صورتوں میں مبتلا افراد کو ان کی ضرورت کی نگہداشت فراہم کرنے میں مدد دینا ہے۔ *ہمدردانہ مداخلت ایکٹ* (*Compassionate Intervention Act*) کے تحت، خاندانی افراد، سرپرست، صحت کی نگہداشت کے پیشہ ور افراد، پولیس یا امن افسران کسی ایسے شخص کے لئے، جس کا نشہ اسے اپنے لئے یا دوسروں کے لئے خطرہ بنا چکا ہو، آخری چارۂ کار کے طور پر جائزے کے حکم کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ایکٹ میں مجوزہ ترامیم درخواست اور سماعت کے طریقۂ کار کو مضبوط بنائیں گی، معلومات تک بروقت رسائی میں مدد دیں گی، زیادہ طبی لچک فراہم کریں گی اور نگرانی کی وضاحت کریں گی، جبکہ موجودہ حفاظتی اقدامات کے برقرار رکھنے کو یقینی بنایا جائے گا۔ یہ تبدیلیاں اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دیں گی کہ موسمِ بہار 2027 میں نفاذ کے بعد ہمدردانہ مداخلت محفوظ، مؤثر اور یکساں طریقے سے فراہم کی جا سکے۔

ذہنی صحت ایکٹ (*Mental Health Act*) میں مجوزہ ترامیم منظور شدہ ہسپتالوں میں صحت کی خدمات کے شعبوں کے درمیان رابطہ کاری کو مضبوط بنائیں گی، جس سے مریضوں کے حقوق اور حفاظتی اقدامات کو برقرار رکھتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ انہیں مطلوبہ نگہداشت حاصل ہو۔

نیوز ریلیز

"ہم شدید نشے یا منشیات کے استعمال سے نبرد آزما البرٹا کے باشندوں کی نگہداشت کو مضبوط بنا رہے ہیں۔ یہ تبدیلیاں ہمیں ہمدردانہ مداخلت کے نفاذ کا اپنا وعدہ پورا کرنے میں مدد دیتی ہیں، تاکہ شدید ترین نشے میں مبتلا البرٹا کے باشندے محفوظ، مربوط اور مستقل علاج حاصل کر سکیں جو صحت یابی کی جانب بڑھنے میں ان کی مدد کرے۔"
رک ولسن (Rick Wilson)، وزیر برائے ذہنی صحت اور نشے سے نجات

لیبارٹری خدمات کے لئے عوامی فنڈنگ کی وضاحت
البرٹا کی حکومت ایک مضبوط، عوامی فنڈ سے چلنے والے نظامِ صحت کے لئے پُرعزم ہے جو مریضوں کو ترجیح دیتا ہے، انتخاب کے زیادہ مواقع فراہم کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ طبی طور پر ضروری لیبارٹری خدمات بدستور عوامی فنڈ سے چلتی رہیں۔ *البرٹا ہیلتھ کیئر انشورنس ایکٹ* {*Alberta Health Care Insurance Act* (AHCIA)} ، میں مجوزہ ترامیم بیمہ شدہ نگہداشت اور معالج کی جانب سے ریفر کردہ نگہداشت کے لئے عوامی فنڈ سے چلنے والی کمیونٹی کی سطح کی لیبارٹری خدمات تک بلا معاوضہ رسائی برقرار رکھیں گی، جبکہ اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ نجی کلینکس غیر بیمہ شدہ خدمات سے وابستہ لیبارٹری اخراجات کی ادائیگی کے ذمہ دار ہیں۔

سیلف انشورنس منصوبوں کے لئے ضروریات کا تعین
AHCIA میں اضافی ترامیم حکومت کو ان افراد کے سیلف انشورنس انتظامات کی نگرانی کے لئے ضروری ریگولیٹری ذرائع فراہم کریں گی جو سرکاری نظام سے باہر انتخابی (الیکٹو) نگہداشت حاصل کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔ اس میں حصہ لینے والے معالجین اور بیمہ کنندگان کے لئے ریکارڈ رکھنے اور رپورٹنگ کی ضروریات کا تعین کرنا شامل ہے۔ البرٹا کے باشندوں کو عوامی فنڈز سے چلنے والی صحت کی نگہداشت تک بدستور یکساں رسائی حاصل رہے گی، اور البرٹا کے کسی بھی باشندے کے لئے سیلف انشورنس رکھنا لازمی نہیں ہو گا۔

"یہ تبدیلیاں البرٹا کے ان باشندوں کے لئے واضح قواعد اور مضبوط حفاظتی اقدامات وضع کرتی ہیں جو سیلف انشورنس انتظامات کے ذریعے اپنی مرضی سے طبی نگہداشت کی خود ادائیگی کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ ہمارے عوامی نظامِ صحت کے تحفظ کے لئے نگرانی کو بھی مضبوط بناتی ہیں، اور اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ عوامی فنڈ سے چلنے والی نگہداشت تک البرٹا کے باشندوں کی رسائی میں کوئی تبدیلی نہ آئے۔"
ایڈریانا لاگرینج (Adriana LaGrange)، وزیر برائے ہسپتال اور سرجیکل ہیلتھ سروسز

اضافی مجوزہ ترامیم *پبلک ہیلتھ ایکٹ* (*Public Health Act*) کو اپ ڈیٹ کریں گی اور پرانی ترامیم کو منسوخ کریں گی تاکہ پبلک ہیلتھ انسپکٹرز کی البرٹا ہیلتھ سروسز (Alberta Health Services) سے پرائمری کیئر البرٹا (Primary Care Alberta) میں منتقلی کی معاونت کی جا سکے۔

متعلقہ معلومات
- البرٹا کے باشندوں کے لئے صحت کی نگہداشت تک رسائی میں توسیع
- عالمی معیار کے نظامِ صحت میں معاونت

میڈیا سے متعلق استفسارات
جے لینگ (Jaye Lang)
jaye.lang@gov.ab.ca
780 427 3665
پریس سیکریٹری، بنیادی و حفاظتی صحت کی خدمات